بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر-608 - ڈی ایس ایف

بتاریخ: 27-10-2017

نوٹیفکیشن

بورڈھذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم و دہم (سالانہ) امتحان 2018ء کے شروع ہونے کی تاریخ 01 مارچ 2018ء ہے۔
مذکورہ امتحان میں شرکت کے لئے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کے داخلہ فارم مع امتحانی فیس وصول کرنے کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

نمبر شمار	تفصیل	شیڈول برائے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران
1	سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارمز کی وصولی	13-نومبر 2017ء تا 15- دسمبر 2017ء
2	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارمز کی وصولی	16-دسمبر 2017ء تا 22-دسمبر 2017ء
3	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارمز کی وصولی	23-دسمبر 2017ء تا 29-دسمبر 2017ء

اہم قواعد:-

1- حکومت پنجاب کے سکولوں کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم مورخہ 13-نومبر 2017ء تا 15- دسمبر 2017ء تک اپنے ادارے کے ریگولر طلباء/طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کرواسکیں گے۔ تاہم پروسیسنگ فیس مبلغ-/395 روپے اور اصل سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ-/550 روپے (فی امیدوار) ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کراتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس مع دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز ادارہ کا الحاق کوڈ، بنک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔

2- ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے۔ ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس مع دیگر واجبات جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ واضح رہے کہ پراسیسنگ فیس-/395 روپے اور اصل سرٹیفکیٹ فیس-/550 روپے کسی امیدوار کو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ہے۔

☆ **29-دسمبر 2017ء کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔**

☆ شرح فیس نوٹیفکیشن ہذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ ہذا کی ویب سائٹ **www.biselahore.com** وزٹ کریں۔

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول بورڈ کی ویب سائٹ **www.biselahore.com** پر بھی دستیاب ہے۔

ڈپٹی سیکرٹری فنانس

برائے سیکرٹری

نقل برائے اطلاع:-

تمام آفیسرز بورڈ ہذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) قصور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) شیخوپورہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ننکانہ، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر 608- ڈی ایس ایف   بتاریخ: 27-10-2017

نوٹیفکیشن

بورڈ ھذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم و دہم (سالانہ) امتحان **2018**ء کے شروع ہونے کی تاریخ **01 مارچ 2018**ء ہے۔
مذکورہ امتحان میں شرکت کے لئے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کے لیے سنگل امتحانی فیس و دیگر واجبات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

تفصیل شرح سنگل امتحانی فیس و دیگر واجبات

ریگولر امیدواران

تفصیل	نویں کلاس	دسویں کلاس	نویں و دسویں (دونوں کلاسز)
سائنس گروپ	-/650 روپے	-/650 روپے	-/1300 روپے
آرٹس مع پریکٹیکل مضمون	-/650 روپے	-/650 روپے	-/1300 روپے
آرٹس بغیر پریکٹیکل مضمون	-/600 روپے	-/600 روپے	-/1200 روپے
پروسیسنگ فیس	-/395 روپے	-/395 روپے	-/395 روپے
اصل سرٹیفکیٹ فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ)	----------	-/550 روپے	-/550 روپے

پرائیویٹ امیدواران

تفصیل	نویں کلاس	دسویں کلاس	نویں و دسویں (دونوں کلاسز)
سائنس گروپ	-/700 روپے	-/700 روپے	-/1400 روپے
آرٹس مع پریکٹیکل مضمون	-/700 روپے	-/700 روپے	-/1400 روپے
آرٹس بغیر پریکٹیکل مضمون	-/650 روپے	-/650 روپے	-/1300 روپے
رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ)	-/800 روپے	-/800 روپے	-/800 روپے
پروسیسنگ فیس	-/395 روپے	-/395 روپے	-/395 روپے
اصل سرٹیفکیٹ فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ)	----------	-/550 روپے	-/550 روپے

☆ امتحانی فیس کے ساتھ اصل سرٹیفکیٹ فیس -/550 روپے ہر امیدوار کو صرف ایک مرتبہ ادا کرنا ہوگی۔

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول نوٹیفکیشن ہذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ کی ویب سائٹ **www.biselahore.com** وزٹ کریں۔

☆ شرح امتحانی فیس و دیگر واجبات کی تفصیل بورڈ ھذا کی ویب سائٹ **www.biselahore.com** پر بھی دستیاب ہے۔

ڈپٹی سیکرٹری فنانس

برائے سیکرٹری

نقل برائے اطلاع:-

تمام آفیسرز بورڈ ہذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) قصور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) شیخوپورہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ننکانہ، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان۔